۳

# قواعد

INSTITUTE OF NUCLEAR MEDICINE & ONCOLOGY (INMOL) EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY Ltd LAHORE.

# ~~انجمن امداد باہمی تعمیر مکانات لمیٹڈ~~

## پتہ

INSTITUTE OF NUCLEAR MEDICINE & ONCOLOGY EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY Ltd LAHORE.
NEW CAMPUS Road P.O. BOX NO 53 Lahore.

## نام و پتہ

INSTITUTE OF NUCLEAR MEDICINES ONCOLOGY EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD LAHORE.

۱۔ (۱) اس انجمن کا نام ~~انجمن امداد باہمی تعمیر مکانات لمیٹڈ~~ ہوگا اور اس کا پتہ NEW CAMPUS Road ~~P.O BOX 53~~ LAHORE ہوگا۔

(۲) پتہ میں تبدیلی کی اطلاع تیس یوم کے اندر رجسٹرار کو دی جائے گی۔ نیز تمام ممبران کو بھی اس کی اطلاع دی جائے گی

## تعریفات

۲۔ بجز اس کے کہ سیاق و سباق میں کچھ اس کے منافی ہو ان قواعد میں :-

(۱) "انجمن" سے مراد INSTITUTE OF NUCLEAR MEDICINE ~~(نام انجمن)~~ ONCOLOGY EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY Ltd LAHORE ہے۔

(۲) "ایکٹ" سے مراد کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ ۱۹۲۵ء اور "رولز" سے مراد کوآپریٹو سوسائٹیز رولز ۱۹۲۷ء ہیں۔

(۳) "رجسٹرار" سے مراد ایسا شخص ہے جسے ایکٹ اور رولز کے تحت رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز کے فرائض سرانجام دینے کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

(۴) دیگر تمام الفاظ اور اصطلاحات جو ان قواعد میں استعمال کی گئی ہیں سے وہی مراد ہوگا جو ایکٹ اور رولز میں مراد ہے۔

## دائرہ کار

TREASURER.
Inmol Employees Co-operative Housing Society, Lahore.

۳۔ انجمن کا دائرہ کار ............ ہوگا اور انجمن اس دائرہ کار میں کسی بھی جگہ رجسٹرار کی پیشگی

منظوری سے اپنے دفاتر یا شاخیں قائم کرسکتی ہے۔

## اغراض ومقاصد

۴۔ انجمن کے مقاصد اپنے ممبران کے اقتصادی مفاد کو ترقی دینا اور بالخصوص :۔

(ا) رہائشی آبادی قائم کرنا۔ اور حسب ضرورت اس میں توسیع کرنا اور اس غرض کے لیے دیگر ضروری اقدامات کرنا۔

(ب) زمین، مکانات، عمارات یا دیگر منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد خریدنا، رہن یا پٹہ پر لینا یا قانون حصول اراضی کے تحت حاصل کرنا۔

(ج) رہائشی آبادی کی منصوبہ بندی اور اس کے قیام کے لیے ضروری اقدامات کرنا۔ نیز سڑکات۔ فراہمی و نکاسی آب، بجلی، سوئی گیس، ٹیلی فون، سکول، شفاخانہ، مسجد، تفریحی پارک، ٹرانسپورٹ اور قبرستان وغیرہ کا اہتمام اور نگہداشت کا بندوبست کرنا۔

(د) اراضی۔ مکانات، مقامات، تعمیر عمارات، اور دوسری منقولہ اور غیر منقولہ جائیدادیں جو انجمن کے مقاصد کو بروئے کار لانے کے لیے ضروری ہوں۔ بیچنا۔ رہن رکھنا۔ ٹھیکہ پر دینا۔

(ھ) انجمن کی اپنی ضرورت اور مفاد عامہ کے لیے ضروری تعمیرات کرنا۔

(و) انجمن کی آبادی میں مکانات اور عمارات کے نقشے تیار کرنا اور ان کی منظوری دینا۔ اور ممبران کی خواہش پر ان کے مکانات کی تعمیر کے لیے معقول کفالت پر قرضہ کی سہولت فراہم کرنا۔

(ز) ممبران کو رہائشی مکانات کی تعمیر کے لیے معقول کفالت پر قرضہ کی سہولت فراہم کرنا۔

(ح) دیگر ایسی تدابیر اختیار کرنا جن سے ممبران میں کفایت شعاری۔ باہمی امداد اور مدد ذاتی کی روح اور جذبہ عمل کو ترقی دی جا سکتی ہو۔

## ممبری

۵۔ حسب ذیل اشخاص انجمن کی ممبری کے اہل ہوں گے۔

(۱) جو درخواست رجسٹری میں شامل ہوں۔

(۲) جو بعد ازاں قواعد کی رو سے داخل کیے جائیں۔

۶۔ انجمن کی ممبری کی شرائط حسب ذیل ہوں گی :۔

(۱) اٹھارہ (۱۸) سال سے زائد عمر کا ہو بجز اس کے کہ وہ متوفی ممبر کا نابالغ نامزد ہو۔

(۲) نیک چال چلن ہو۔

(۳) کم از کم ایک حصص خرید کرے۔

(۴) اس نے ممبری کے لیے حسب قاعدہ درخواست دی ہو یا اس کا داخلہ کسی ممبر کی وفات پر بطور نامزد یا قانونی وارث منظور ہوا ہو۔

(۵) انجمن کی آبادی میں مکان کا متوقع تعمیر کنندہ ہو۔

۷۔ (۱) ممبران کا داخلہ انجمن کی کمیٹی کرے گی جو کہ تابع توثیق اجلاس عام ہوگا۔ البتہ اجلاس عام عرصہ ایک سال میں ایسے ممبران کے داخلہ کے متعلق لازمی فیصلہ کرے گا۔

(۲) داخل ہونے پر ممبر رجسٹر ممبران پر اپنے دستخط اور نشان انگوٹھا ثبت کرے گا اور فیس داخلہ مبلغ ۔/۱۰۰ روپے اداکرے گا۔

(۳) اہلیت رکھنے والے افراد کو عام طور پر انکار نہیں کیا جائے گا۔ انکار کی صورت میں کمیٹی تحریری وجوہ بیان کرے گی۔ اگر ایسا شخص چاہے تو اس انکار کا معاملہ اجلاس عام میں پیش کر سکتا ہے جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(۴) ہر شخص کو ممبر بننے پر انتظامیہ کمیٹی ایک تجویز کردہ فارم پر ممبر شپ سرٹیفکیٹ جاری کرے گی جو گمشدگی یا ضائع ہونے کی صورت میں اسے مثنیٰ سرٹیفکیٹ مقرر کردہ فیس کی ادائیگی پر جاری ہوگا۔

(۵) اگر مقامی ترقیاتی ادارے یا لوکل باڈیز کے رولز ہوں تو پلاٹوں کی مزید تقسیم ( SUB DIVISIN ) پر لاگو ہوں گے بصورتِ دیگر جو پلاٹ انجمن نے ممبران کے لئے بنائے ہوں اُن کی کسی حالت میں مزید تقسیم نہیں ہوگی۔

۸۔ ممبری حسب ذیل صورتوں میں فسخ ہو جائے گی۔

(۱) وفات پر۔

(۲) کم از کم ایک حصص کا مالک نہ رہنے پر۔

(۳) سیکرٹری انجمن کو ایک ماہ کا نوٹس دے کر اپنا نام خارج کرا لینے پر بشرطیکہ وہ انجمن کا باقیدار مقروض یا کسی غیر اداشدہ قرضہ کا ضامن نہ ہو۔

(۴) انجمن کی آبادی میں حاصل رہائشی مفاد کے ناجائز استعمال سعادتاً قابلِ مذمت رویہ اختیار کرنے یا ایسے طور طریقے اپنانے پر جن سے اُس کے ہمسائے سخت نالاں ہوں۔

(۵) دائمی طور پر فاترالعقل ہو جانے پر۔

(۶) عادی نادہند ہونے یا انجمن کے مفاد کے خلاف کام کرنے کی صورت میں رجسٹرار یا انجمن کی طرف سے خارج کئے جانے پر۔

۷۔ انجمن کی آبادی میں جائیداد غیر منقولہ یا اس کے کسی حصہ کے مالک نہ رہنے پر۔

۹۔ (۱) ہر ایک ممبر ایک ایسا شخص یا اشخاص نامزد کرے گا جس یا جن کو اس ممبر کے فوت ہو جانے پر اس کا حصہ یا مفاد منتقل کیا جا سکے گا۔ لیکن کوئی ممبر ایک سے زیادہ اشخاص کو نامزد کرنے کا مجاز نہیں ہوگا تاوقتیکہ وہ ایک سے زیادہ حصص کا مالک نہ ہو۔ ایسی صورت میں قابلِ انتقال رقم کا تناسب بھی مقرر کرے گا۔ ایسی کسی بھی نامزدگی یا اس میں تبدیلی کا اندراج رجسٹر ممبران میں کیا جائے گا۔ جس کی تصدیق کے طور پر وہ رجسٹر ممبران میں دستخط اور نشان انگوٹھا ثبت کرے گا۔ نامزد شدہ شخص یا اشخاص حصہ یا مفاد بعد منتقلی

اس رقم کے جو کہ اس متوفی ممبر سے واجب الوصول ہو گی، ایکٹ کی دفعہ ۲۷ کے مطابق متوفی ممبر کے ورثاء میں تقسیم کرے گا یا کریں گے۔

(۲) نامزد کرنے والا اپنی ہی تحریر سے نامزدگی منسوخ یا تبدیل کر سکتا ہے۔

۱۰۔ اگر کسی ممبر کی ممبری زیر قاعدہ ۸ ضمن (۲) تا (۵) فسخ ہو گئی ہو تو اس کے حصص یا مفاد کی قیمت ممبری سے علیحدہ ہونے سے دو سال بعد بعد منہائی اس رقم کے جو کہ اس سے انجمن کو واجب الادا ہو۔ ادا کی جا سکے گی۔

۱۱۔ کوئی ممبر اپنا حصہ کسی دوسرے ممبر یا ایسے شخص کو جو کہ زیر قاعدہ (۶) ممبر بننے کا اہل ہو اور کمیٹی نے اسے بطور ممبر منظور کر لیا ہو، کو منتقل کر سکتا ہے۔ ایسی منتقلی اجلاس عام کے فیصلہ کے تابع ہو گی۔

۱۲۔ حصہ کی قیمت کسی صورت میں اس رقم سے زائد نہ ہو گی جو انجمن نے اس کے واسطے وصول کی ہو۔

(۱) ممبر یا اس کا نامزد یا متوفی ممبر کا وارث اپنے حصص کسی دوسرے ممبر کے نام یا ایسے شخص کے نام جو کہ ممبرشپ کے لئے اہلیت رکھتا ہو اور کمیٹی نے اس کا داخلہ منظور کر لیا ہو، منتقل کر سکتا ہے یا انجمن منتظمی حصص فنڈ میں منتقل کر سکتی ہے۔

(۲) کمیٹی کوئی وجہ بتائے بغیر حصص کی منتقلی کی درخواست واپس کر سکتی ہے۔

(۳) حصص کی منتقلی کی درخواست مجوزہ فارم پر ہو گی۔ اور حصص سرٹیفیکیٹ اس کے ہمراہ منسلک ہوں گے۔ ماسوائے کمیٹی اس شرط کو ختم کر دے۔

۱۳۔ ممبر کو انجمن سے حسب ذیل صورتوں میں خارج کیا جا سکتا ہے۔

(۱) اگر وہ انجمن کی مقرر کردہ احتیاط برائے خرید اراضی، ترقیاتی اخراجات یا دیگر واجبات وقت پر ادا نہ کرے تو انتظامیہ کمیٹی کو اختیار ہو گا کہ ایسے ممبر کی رکنیت ختم کر دے۔ البتہ اس کی توثیق اجلاس عام سے کرانا لازمی ہو گی ایسا اجلاس عام سادہ اکثریت سے اس پر فیصلہ کر سکتا ہے۔

(۲) کسی ایسے جرم فوجداری میں سزایاب ہو جس میں بددیانتی یا اخلاقی خباثت کا الزام لگا ہو یا جس میں اس کو چھ ماہ سے زائد قید ہوئی ہو۔

(۳) دیوالیہ قرار دیئے جانے پر یا اُس کی طرف سے دیوالیہ قرار دیئے جانے کی درخواست دینے پر۔

(۴) کسی ایسے فعل کے ارتکاب پر جس کو کمیٹی یا اجلاس عام بددیانتی قرار دے۔

۱۴۔ ممبری سے اخراج اجلاس عام میں دو تہائی کثرت رائے سے کیا جا سکتا ہے۔ ممبری فسخ ہونے کی صورت میں کمیٹی ضروری کارروائی عمل میں لائے گی۔

## ذمہ داری

۱۵۔ انصرام کے وقت انجمن کے اثاثہ جات میں کسی بھی خسارہ کو پورا کرنے کے لئے ممبران کی ذمہ داری ان کے خریدکردہ حصص کے دس گنا تک محدود ہو گی یا

## سرمایہ

۱۶- سرمایہ میں حسب ذیل مدات شامل ہوں گی۔

(۱) فیس داخلہ۔

(۲) حصص۔

(۳) ممبران سے امانتیں۔

(۴) غیر ممبران سے قرضہ جات جو کہ اُن قیود کے تابع ہوں گے جو رجسٹرار عائد کرے۔

(۵) حاصل شدہ منافع جات۔

(۶) حکومت سے قرضہ جات و مالی مراعات۔

(۷) افراد یا اداروں سے ملنے والے عطیات یا چندہ جات۔

(۸) فیس، جرمانے، ہرجانے وغیرہ۔

(۹) زیرِ محفوظ، دیگر فنڈز۔

(۱۰) دیگر ذرائع جنہیں انتظامیہ مناسب خیال کرے بشرطیکہ وہ رجسٹرار کے منظور کردہ ہوں۔

(۱۱) صوبائی حکومت کی اجازت سے عائد کردہ میونسپل چارجز۔

(۱۲) منقولہ اور غیر منقولہ حصص کی فروخت سے حاصل شدہ آمدنی۔

(۱۳) ممبران سے ایسے چندے جو اجلاس عام میں پاس کیے جائیں اور جن کی رجسٹرار منظوری دے۔

## حصص

۱۷- ہر ایک ممبر کو کم از کم ایک سالم حصہ مالیتی ؍500 روپے خریدنا ہوگا۔ جس کی ادائیگی بوقت داخلہ یکمشت ادا کرنا ہوگی رجسٹری کے بعد داخل ہونے والے ممبران سے انتظامیہ ایک ایسی اضافی رقم وصول کرنے کی مجاز ہوگی جو دس فیصد سالانہ سے زائد نہ ہو۔

۱۸- کوئی ممبر اتنے حصص کا مالک نہیں ہو سکے گا جن کی نامزدہ مالیت بیس ہزار روپے (20,000) یا جمع شدہ سرمایہ حصص کی کل قیمت کے پانچویں حصہ سے زیادہ ہو۔ اگر کوئی ممبر وراثت یا کسی اور وجہ سے اس انتہائی تعداد سے زیادہ حصص کا مالک ہو جائے تو کمیٹی کو اختیار رہے گا کہ وہ حصص کو فروخت کر دے یا ان کو منجانب انجمن خرید لے۔

## اجلاس عام

۱۹- (۱) انجمن کے اجراء کے وقت بلایا جانے والا ابتدائی اجلاس عام ایک باقاعدہ اجلاس عام سمجھا جائے گا۔ اور اس میں کیے گئے فیصلے رجسٹری کے بعد بھی مؤثر ہوں گے۔

(۲) اعلیٰ اختیار اجلاس عام کو حاصل ہوگا۔ سالانہ اجلاس عام یکم جولائی سے تیس (۳۰) ستمبر کے دوران بلایا جائے

گا۔ اگر اجلاس عام مقررہ مدت میں نہ بلایا جائے تو انتظامیہ کمیٹی کالعدم تصور ہوگی اور رجسٹرار کمیٹی کی جگہ ایک ناظم مقرر کرے گا۔ جو نا۹۰ یوم یا ایسا عرصہ جو رجسٹرار مناسب خیال کرے کے اندر اجلاس عام بلا کر نئی انتظامیہ کمیٹی کا انتخاب کروائے گا۔ ایسے ناظم کو کمیٹی کے تمام اختیارات حاصل ہوں گے۔ کمیٹی کی اکثریت کسی بھی وقت خصوصی اجلاسِ عام طلب کر سکتی ہے۔ انجمن کے ۵/۱ ممبران کے تحریری مطالبہ پر یا رجسٹرار کے ایماء پر خصوصی اجلاس عام ایک ماہ کے اندر اندر بلایا جانا لازم ہوگا۔ کسی معاملہ کا فیصلہ کرنے کے لئے ایسے اجلاس میں کم از کم ایک تہائی ممبران کی شمولیت لازمی ہوگی۔ مگر جس انجمن میں ممبران کی تعداد ۱۵۰ سے زیادہ ہو وہاں ۵۰ ممبران کی حاضری کافی ہوگی۔

(۳) اجلاس عام انجمن کے رجسٹری شدہ پتہ پر یا انجمن کے دائرہ کار میں کسی ایسی جگہ پر منعقد ہوگا جسے انتظامیہ کمیٹی یا رجسٹرار منتخب کرے۔

۲۰۔ ہر اجلاس عام کے انعقاد کے لئے کم از کم پندرہ دن کی تحریری اطلاع بذریعہ اشتہار اخبار یا نوٹس مرسلہ زیر پوسٹل سرٹیفکیٹ دی جائے گی۔ ایسے نوٹس میں اجلاس کی تاریخ، وقت، مقام اور زیر غور آنے والے ایجنڈا کی تفصیل دی جائے گی۔

۲۱۔ اجلاس کی صدارت صدر انجمن یا اس کی غیر حاضری میں نائب صدر یا ان دونوں کی غیر موجودگی میں کوئی ممبر جس کو اس مقصد کے لئے منتخب کیا گیا ہو۔ کرے گا۔ تمام امور کثرت رائے سے فیصلہ پذیر ہوں گے۔ آراء کے مساوی ہونے کی صورت میں صدر جلسہ کی ایک زائد فیصلہ کن رائے ہوگی۔

۲۲۔ بلالحاظ اس امر کے کہ وہ کتنے ہی حصص کا مالک کیوں نہ ہو ایک ممبر کی ایک رائے ہوگی اور کسی شخص کو بذریعہ نمائندہ رائے دینے کی اجازت نہ ہوگی۔ ایسا ممبر کو رائے دینے کا کوئی حق حاصل نہ ہوگا جس کے حصص بقایا ہوں یا کسی قسم کے واجبات انجمن کے نادہند ہوں۔

۲۳۔ اجلاس عام میں عام طور پر مفصلہ ذیل کارروائی ہوا کرے گی۔

(۱) صدر، نائب صدر، خزانچی اور کمیٹی کے دیگر ممبران کا انتخاب کرنا ان کو معطل یا علیحدہ کرنا۔

(۲) حسابات کے سالانہ نقشے، آڈٹ رپورٹ، رجسٹرار اور آڈیٹر کے آڈٹ نوٹ جو وقتاً فوقتاً دیئے ہوں ان پر غور کرنا۔

(۳) ایکٹ، رولز اور قواعد کے مطابق فنڈز کے قیام اور تقسیم کا فیصلہ کرنا۔

(۴) ممبران کے اخراج، اخراج اور انتقال حصص کی منظوری دینا۔

(۵) تابع منظوری رجسٹرار سال کے لئے غیر ممبران سے قرضہ جات لینے کی انتہائی حد مقرر کرنا۔

(۶) کسی دوسرے کوآپریٹو یا دیگر ادارے کی رکنیت حاصل کرنے اور خرید حصص کا فیصلہ کرنا۔

(۷) انتظامیہ کمیٹی کے ممبران کے لئے سفر خرچ اور میٹنگ الاؤنس کا تعین کرنا۔

(۸) سالانہ بجٹ منظور کرنا۔

(۹) قواعد کے تحت معاملہ دیگر ضروری کا روائیاں کرنا

۲۴۔ قواعد کی ترمیم مطلوبہ کورم کے ایسے اجلاس عام جس کی مجوزہ ترمیمات کے ساتھ باقاعدہ اطلاع دی گئی ہو، کی دو تہائی کثرت رائے سے ہوگی البتہ التوائی اجلاس عام کی صورت میں حاضر ممبران کورم تشکیل دیں گے۔ ایسی ترمیمات جو کہ رجسٹرار نے بوقت رجسٹری انجمن منظور کی ہوں کو مطلوبہ کورم کے اجلاس میں دو تہائی کثرت رائے سے اختیار کیا جائے گا۔

۲۵۔ تمام امور جن کا اجلاس عام میں فیصلہ ہوا ہو یا جن پر بحث ہوئی ہو کتاب کارروائی میں درج کیے جائیں گے۔ جس پر صدر جلسہ دستخط کریں گے۔

## انتظامیہ کمیٹی

۲۶۔(۱) کمیٹی ۱۲ برس سے زائد عمر کے کم از کم ۷ ممبران بشمول صدر، نائب صدر، خزانچی اور دو ~~ایسے اشخاص~~ اور دو جنرل ممبران پر مشتمل ہوگی

~~جن کی نامزدگی رجسٹرار کرے گا پر مشتمل ہوگی۔ رجسٹرار کے نامزد کردہ اشخاص تکنیکی یا انتظامی امور میں مہارت رکھتے ہوں بشرطیکہ کردہ انتظامیہ کمیٹی کے انتخاب میں شرکت نہ کر سکتے ہوں~~ کمیٹی کا انتخاب ہر تین سال کے بعد ہوگا۔ البتہ ممبران کمیٹی دوبارہ منتخب ہونے کے بھی اہل ہوں گے۔ اگر نیا انتخاب کمیٹی معینہ مدت کے اندر اندر منعقد نہ ہو سکے تو کمیٹی منسوخ تصور ہوگی اور رجسٹرار پانچ ارکان پر مشتمل ایک نگران کمیٹی یا ناظم مقرر کرے گا جس کو کمیٹی کے تمام اختیارات حاصل ہوں گے۔ ناظم یا نگران کمیٹی ۶۰ یوم کے اندر یا ایسی میعاد جو رجسٹرار مقرر کرے انتخاب نئی کمیٹی کرائے گی۔

(۲) انتخاب کمیٹی بذریعہ خفیہ رائے شماری ان قواعد کے تحت ہوگا۔ جو کمیٹی مرتب کرے گی اور رجسٹرار اسے منظور کرے گا۔

(۳) رجسٹرار کو اس امر کا اختیار ہوگا کہ وہ بد دیانتی، کاروبار انجمن میں رکاوٹ ڈالنے یا کسی دیگر وجہ سے کمیٹی کو معطل یا منسوخ کر سکتا ہے۔ اور اس کی جگہ ایک یا ایک سے زیادہ اشخاص کو ناظم مقرر کر سکتا ہے جو کہ ایسی صورت میں کمیٹی کے تمام اختیارات و فرائض کا حامل ہوگا۔ شرط یہ کہ ایسا حکم جاری کرنے سے پہلے رجسٹرار کمیٹی کو اظہار وجوہ کا موقع فراہم کرے گا۔

۲۷۔(۱) کمیٹی کا کوئی ممبر اپنے عہدے سے برطرف متصور ہوگا۔ اگر وہ انجمن کا ممبر نہ رہے۔

(۲) جو غیر مصدقہ دیوالیہ غیر سبکدوش دیوالیہ یا قانونی طور پر معاہدہ کرنے کا اہل نہ ہو۔

(۳) فاتر العقل ہو جائے۔

(۴) کسی ایسے جرم میں سزا یاب ہو جس میں چھ ماہ یا اس سے زیادہ مدت کی قید یا کوڑوں کی سزا ہو سکتی ہو تا وقتیکہ ایسی سزا بعد میں ختم ہو گئی ہو یا کاٹ نہ لی گئی ہو۔

(۵) جو بلا واسطہ یا بالواسطہ انجمن کے تحت کسی معاہدہ یا ملازمت کا غرض مند ہو۔

(۶) انجمن کے اغراض و مقاصد میں بیان کردہ کاروبار ذاتی طور پر بھی کرتا ہو۔

(۷) ملازم یا عہدہ دار اور ساتھ ہی ساتھ انجمن کا مقروض ہو۔

(۸) مستعفی ہوجائے اور کمیٹی اس کا استعفیٰ منظور کرے۔
(۹) صدر یا کمیٹی کی اجازت کے بغیر کمیٹی کے تین مسلسل اجلاسوں سے غیر حاضر رہے۔
(۱۰) جو واجبات انجمن کا مسلسل باقیدار ہو۔
(۱۱) رولز میں مذکورہ کمیٹی کی مزید نا اہلیت کا مرتکب ہوجائے۔

۲۸-(۱) کمیٹی کے اجلاس بوقت ضرورت منعقد ہوا کریں گے۔ ہر اجلاس کے انعقاد کی باقاعدہ اطلاع تمام ممبران کو دی جائے گی۔ کم از کم 2/3 ممبران کی موجودگی کسی معاملہ کا فیصلہ کرنے کے لیئے لازمی ہوگی۔ صدر یا نائب صدر یا انکی عدم موجودگی میں یکے از دیگر ممبران جسے اس مقصد کے لیئے منتخب کیا گیا ہو صدر جلسہ ہوگا۔ ہر ممبر کی ایک رائے ہوگی۔ رائے برابر ہونے کی صورت میں صدر جلسہ کی ایک زائد فیصلہ کن رائے ہوگی۔

(۲) منتخب شدہ صدر کی علیحدگی نہ ہو سکے گی تاوقتیکہ خصوصی اجلاس عام جو کہ اسی مقصد کے لیئے بلایا گیا ہو حاضر ممبران کی ۳/۴ اکثریت اس بارے میں قرارداد پاس نہ کرے۔

(۳) کمیٹی کے اجلاسوں کے انعقاد سے قبل صدر انجمن ایجنڈا کی منظوری دے گا جو کہ تمام ممبران کمیٹی کو کم از کم تاریخ اجلاس سے تین یوم پہلے ارسال کردیا جائے گا۔ کوئی ایسا مسئلہ جو کہ ایجنڈا میں شامل نہ ہو اجلاس میں زیر بحث نہیں لایا جائے گا۔ تاوقتیکہ صدر حاضر ممبران کی اکثریت نے اس مسئلہ کو زیر بحث لانے کی اجازت نہ دے۔

(۴) کسی فوری نوعیت کے مسئلے پر غور کرنے کے لئے صدر انجمن جب بھی ضروری خیال کرے کمیٹی کا اجلاس بلا سکتا ہے۔

۲۹- ماسوائے ان اختیارات کے جو اجلاس عام کے لیئے مختص ہوں کمیٹی کو ان قیود کے تابع جو کہ اجلاس عام میں عائد کی گئی ہوں یا قواعد انجمن میں مذکور ہوں تمام اختیارات حاصل ہوں گے۔ خصوصاً اس کے اختیارات و فرائض حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) تمام زر آمدنی و خرچ اور تمام لین دین کا صحیح حساب رکھنا۔
(۲) انجمن کے واصلات واجبات اور اس کی ذمہ داریوں کا صحیح حساب رکھنا، نفع نقصان کا حساب رکھنا، اور سالانہ بیلنس شیٹ کا تیار کرنا اور بضرورت پڑنے پر پیش کرنا۔
(۳) حسابات کی پڑتال کرنا، متفرق خرچ منظور کرنا، اور اس امر کی نگرانی کرنا کہ مجوزہ رجسٹروں کی باقاعدہ تکمیل ہوتی ہے۔
(۴) رجسٹرار اور انسپکٹر کے معائنہ جات پر غور کرنا اور ضروری کارروائی کرنا۔
(۵) انجمن کا فاضل سرمایہ، ایکٹ اور قواعد کے مطابق لگانا۔
(۶) اجلاس عام طلب کرنا۔
(۷) مال کی خرید و فروخت اور اس کی حفاظت و استعمال کا مناسب انتظام کرنا۔
(۸) ان شرائط اور شرح منافع جن پر امانتیں لینی ہوں فیصلہ کرنا اور امانتوں کے حصول اور واپسی کا

بندوبست کرنا۔

(۹) انجمن کی ضروریات کے لئے قرضہ جات حاصل کرنا۔

(۱۰) ان شرائط کا جن پر اور ان میعادوں کا جن کے لیے قرضہ جات نقدی یا جنس کی صورت میں دیئے ہوں کا تصفیہ کرنا۔ ضمانت منظور یا رد کرنا۔ قرضہ جات اور منافع کی وصولی کرنا اور بصورت ضرورت قرضہ جات کی تجدید کی منظوری دینا۔

(۱۱) اس بات کی نگرانی کرنا کہ قرضہ جات جن منظور شدہ اغراض کے واسطے دیئے گئے تھے پر صرف کئے جاتے ہیں۔

(۱۲) کسی شخص مجاز کو معائنہ کتب اور پڑتال میں مدد دینا۔

(۱۳) ملازمین کو مقرر کرنا۔ شرط یہ کہ ماہوار تنخواہ 5000/- ہزار روپیہ یا اس سے زیادہ ہونے کی صورت میں اجلاس عام اور رجسٹرار کی منظوری لینا لازم ہوگا۔ ایسے ملازمین کی نگرانی کرنا۔ ان کی بددیانتی، نااہلی یا ایسی کسی دیگر کوتاہی کی صورت میں انہیں معطل یا برطرف کرنا یا کوئی دیگر سزا دینا۔

(۱۴) انجمن کے مقاصد کی تکمیل کے لیے عمارات وغیرہ تعمیر کرنا، ان کی دیکھ بھال کرنا یا عمارات کرایہ پر لینا۔ ان میں دفاتر یا گودام وغیرہ قائم کرنا۔ عمارات کو کرایہ پہ دینا۔

(۱۵) اپنے میں سے یا انجمن کے دیگر ممبران میں سے ذیلی کمیٹی یا کمیٹیاں قائم کرنا اور حسب ضرورت انہیں اختیارات تفویض کرنا۔

(۱۶) کسی ممبر کمیٹی کا استعفیٰ منظور کرنا۔

(۱۷) آئندہ انتخابات تک کمیٹی میں خالی جگہوں کو نامزدگی کے ذریعے پُر کرنا۔

(۱۸) خزانچی کی عارضی عدم دستیابی کی صورت میں اپنے میں سے کسی ممبر کو ایسے عرصہ کے لیے خزانچی مقرر کرنا۔

(۱۹) انجمن کے لیے کوئی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد خریدنا یا فروخت کرنا بشرطیکہ ایسی خرید و فروخت انجمن کے مفاد میں ہو۔

(۲۰) رجسٹر ممبران کا صحیح اور تا تاریخ مکمل رکھنا۔

(۲۱) انجمن کی طرف سے قانونی کارروائیاں کرنے اور انجمن کے خلاف ایسی کارروائیوں کا دفاع کرنے کے لیے کسی ممبر، عہدہ دار یا ملازم کو اختیار دینا۔

(۲۲) انجمن کی طرف سے کسی کو ایسے فیڈریشن یا دیگر ادارے جس کی انجمن ممبر ہو کے لیے نمائندہ مقرر کرنا۔

(۲۳) ایکٹ رولز اور قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے عام طور پر انجمن کا کاروبار چلانا۔

(۲۴) انجمن کے مختلف مقاصد کی تکمیل کے لیے کاروباری یا دیگر قواعد وضع کرنا اور تابع منظوری اجلاس عام انہیں اختیار کرنا۔

(۲۵) انجمن کی کتب کی نگہداشت کے لیے کمیٹی انجمن کے عہدے داروں میں سے کسی ایک عہدہ دار کو جو اسی علاقہ میں سکونت رکھتا ہو مقرر کرنا۔

(۲۶) تابع منظوری اجلاس عام نئے ممبر کو داخل کرنا نئے حصص کا جاری کرنا اور پرانوں کا منتقل کرنا۔

(۲۷) خزانچی کی تحویل میں زرنقد کی حد مقرر کرنا۔

(۲۸) انجمن کی کسی غیر منقولہ جائیداد کو مستقل یا غیر مستقل طور پر منتقل کرنے پر غور۔

(۲۹) ٹیکس یا محصول لگانا۔

(۳۰) انتخاب یا ضمنی انتخاب کمیٹی اور انتظامی امور کے متعلق قانون تابع منظوری رجسٹرار قواعد وضع کرنا۔

(۳۱) انتخاب کے بعد ہونے والی کسی بھی خالی نشست کو بذریعہ شریک (COOPTION) انجمن کے ممبران میں سے پُر کرنا۔

(۳۲) انجمن کی کسی جائیداد یا اُس میں سے کسی مفاد کو کرایہ پر دینا جس کا عرصہ ایک سال سے زائد نہیں ہوگا۔

(۳۳) تعمیر عمارات، عمارات کا استعمال یا شرکات اور دیگر جائیداد انجمن کی تعمیر حفاظت اور استعمال کے متعلق قواعد مرتب کرنا۔

(۳۴) ممبران کو پلاٹ الاٹ کرنا اور الاٹمنٹ کی شرائط کی خلاف ورزی پر پھر واپس لینا۔

(۳۵) انجمن کے اغراض و مقاصد کی تکمیل کے لئے دیگر ضروری اقدامات کرنا۔ انجمن کے کاروبار چلانے میں کمیٹی ایک عام کاروباری آدمی کی طرح مستعدی اور دُور اندیشی کو کام میں لائے گی۔ اور کسی ایسے نقصان کی ذمہ دار ہوگی جو کہ ایکٹ رولز اور قواعد کے خلاف عمل پیرا ہونے سے وقوع میں آئے۔

۳۰۔ تمام کارروائی جو کمیٹی کے اجلاس میں زیر بحث آئی ہو یا فیصلہ پذیر ہوئی ہو کتاب کارروائی میں درج کی جائے گی جس پر صدر جلسہ و دیگر موجود ممبران کمیٹی دستخط کریں گے۔

۳۱۔ اگر رجسٹرار محسوس کرے کہ انجمن کی کسی بھی کارروائی یا ریزولیوشن سے انجمن یا تحریک امداد باہمی کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے یا یہ کہ ایسی کارروائی ایکٹ رولز یا قواعد کے خلاف ہے تو وہ کسی تحریری حکم کے ذریعہ وجہ بتاتے ہوئے اس پر عمل درآمد روک سکتا ہے۔

## سیکرٹری بشمول مینجر

۳۲۔ کمیٹی ایک سیکرٹری مقرر کرے گی جو بطور مینجر بھی فرائض سرانجام دے گا۔ ممبر کمیٹی نہ ہونے کی صورت میں سیکرٹری تنخواہ تابع منظوری اجلاس عام حاصل کر سکتا ہے۔

۳۳۔ کمیٹی کی عمومی یا خصوصی مطابقت میں سیکرٹری کے اختیارات و فرائض حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) انجمن کی کتب۔ رجسٹروں اور دستاویزات کا صحیح طور پر تا تاریخ مکمل رکھنا۔

(۲) مقروضان سے باضابطہ تمسکات، باضمانت حاصل کرنا۔

(۳) کاروبار انجمن سے متعلق جملہ رسیدات، دو چرہ اور دستاویزات وغیرہ کا تیار کرنا، ان پر دستخط کرنا اور منجانب انجمن خط و کتابت کرنا۔

(۴) اجلاس عام اور اجلاس کمیٹی کے لیے اطلاع نامے جاری کرنا اور ان میں حاضر رہنا۔
(۵) ان اجلاسوں کی کارروائیوں کو ضبط تحریر میں لانا اور ان پر دستخط حاصل کرنا۔
(۶) سالانہ حسابات بالخصوص گوشوارہ نفع و نقصان اور بیلنس شیٹ تیار کرنا۔ اور کمیٹی۔ اجلاس عام اور معائنہ، پڑتال کنندہ کے روبرو پیش کرنا۔
(۷) انجمن کی کتب وغیرہ کے اندراجات کی نقول کی حسب ضابطہ تصدیق کرنا۔
(۸) انجمن کے تنخواہ دار ملازمین پر کنٹرول رکھنا اور ان سے مناسب کام لینا۔ کوتاہی یا کسی دوسری وجہ سے تابع منظوری کمیٹی انضباطی کارروائی کرنا۔
(۹) کمیٹی کی جانب سے اشیا ر مال یا کسی جائیداد کو خرید کرنا۔ اسے مناسب طور پر استعمال کرنا، فروخت یا تقسیم کرنا۔
(۱۰) مقررہ حد کے اندر متفرق خرچ کرنا۔
(۱۱) انجمن کے سٹاک، فرنیچر یا دیگر جائیداد تحویل میں رکھنا اور ان کی نگہداشت کرنا۔
(۱۲) عام طور پر انجمن کا کاروبار چلانا اور کمیٹی کی طرف سے سونپے گئے تمام امور سر انجام دینا۔
(۱۳) انجمن کے ملازمین کی سالانہ کارکردگی کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کرنا۔

## رجسٹر

۴۴۔ انجمن میں مندرجہ ذیل رجسٹر و کتب اور دستاویزات رکھی جائیں گی۔
(۱) رجسٹر ممبران جس میں ہر ایک ممبر کا نام، پتہ، پیشہ، تعداد حصص، تاریخ ممبری اور نامزدگان کے نام درج کیے جائیں گے۔
(۲) روکڑ بہی جس میں کاروباری ایام کی یومیہ آمدنی، خرچ اور بقایاجات درج ہوں گے۔
(۳) حساب کھاتہ بہی جس میں ہر ایک ممبر امانت دار، قرض خواہ، متفرق آمدنی و خرچ اور مال کی خرید و فروخت وغیرہ کا حساب درج ہوگا۔
(۴) کتاب کارروائی جس میں اجلاس عام اور اجلاس کمیٹی کی روئیداد اور معائنہ کرنے والے آفیسران کے نوٹ درج ہوں گے۔
(۵) رجسٹر حصص۔
(۶) رجسٹر حد قرضہ جو ہر ایک ممبر کی انتہائی حد قرضہ کا مظہر ہوگا۔
(۷) کتاب تمسکات۔
(۸) پاس بک جو ہر ایک ممبر یا امانت دار کو دی جائے گی۔
(۹) روزانہ خرید و فروخت اور بقایا کا حساب۔
(۱۰) سٹاک رجسٹر۔

(۱۱) دیگر کوئی کتاب جو کاروبار انجمن کے لئے ضروری ہو یا رجسٹرار ہدایت کرے۔

۳۵۔ عوام الناس میں سے کسی آدمی کو ہر معائنہ کے لئے مقرر کردہ فیس کی ادائیگی پر کسی بھی قانونی مقصد کے لئے کوئی بھی سرکاری دستاویز جو رجسٹرار کے دفتر موجود ہو ماسوائے ان سرکاری دستاویزات کے جنہیں زیر دفعہ ۱۲۳، ۱۲۴، ۱۲۹، ۱۳۱، قانون شہادت ۱۸۷۲ء کے تحت استحقاق حاصل ہے جو بالخصوص درج ذیل دستاویزات کا معائنہ کرنے کی اجازت ہوگی۔

(۱) درخواست برائے رجسٹری انجمن۔

(۲) انجمن کا رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ۔

(۳) رجسٹریشن۔

(۴) منظور شدہ بائی لاز انجمن بشمولہ ایسے بائی لاز میں کی گئی کوئی بھی ترمیم۔

(۵) انجمن کے معاملات کا تصفیہ کرنے کا حکم نامہ۔

(۶) تحلیل کنندہ کی تقرری کا حکم۔

۷۔ حکم تنسیخ رجسٹری انجمن۔

(۸) سالانہ حسابات انجمن یا اس کی سالانہ بیلنس شیٹ۔

## خزانچی / ڈائریکٹر فنانس

۳۶۔ تمام رقومات جو انجمن کو ممبران امانتداروں بنکوں یا دیگر اشخاص سے وصول ہوں کو خزانچی یا وہ شخص جس کو انتظامیہ کمیٹی نے زیر قاعدہ نمبر ۲۹ (۸) میں مقرر کیا ہو تحویل میں رہیں گی اور ان رقومات کو انتظامیہ کمیٹی کی ہدایات کے مطابق خرچ کرے گا۔ زرکڑ بہی (کیش بک) میں اس کی صحت کے اندراج کے ثبوت میں اپنے دستخط کرے گا۔ بقایا زرنقد عندالطلب انتظامیہ کمیٹی اور آفیسران محکمہ امداد باہمی یا آڈیٹر پیش کرے گا۔ خزانچی ان تمام رقومات کا جو اس کی تحویل میں ہوں گی کا ذمہ دار ہوگا۔ عام طور پر اتنی رقم رکھے گا جس کی حد انتظامیہ کمیٹی نے مقرر کی ہو۔ اس سے زائد رقم پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک یا دیگر بنک جسے رجسٹرار نے منظور کیا ہو جمع کرائے گا۔

## سرمایہ کا استعمال

۳۷۔(۱) انجمن کا سرمایہ انجمن کے بیان کردہ اغراض و مقاصد مندرجہ قاعدہ نمبر ۴ کے سلسلہ میں ان قواعد کے مطابق استعمال ہوگا۔

(۲) سرمایہ ایکٹ کی دفعہ ۴۳ اور رولز ۲۷ کے مطابق مدات میں لگایا جا سکتا ہے۔

## کاروباری ضوابط

۳۸۔ انجمن اپنے کاروبار کے لئے کاروباری ضوابط تیار کرے گی اور اس کی منظوری رجسٹرار سے لازماً حاصل کرے گی

## منافع جات

۳۹-(۱) منافع جات قابل تقسیم ہوں گے۔

(۲) انجمن ہر سال اپنے خالص منافع کا کم از کم ۱۰٪ بطور سرمایہ محفوظ رکھے گی جو کہ ناقابل تقسیم ہوگا۔ سرمایہ محفوظ انجمن کے کاروبار میں لگایا جا سکتا ہے یا قاعدہ نمبر ۳۷ میں مذکور مدات میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سرمایہ محفوظ کی حسب قواعد علیحدگی کے بعد انجمن حسب ضرورت دیگر فنڈز مثلاً رفاع عام فنڈ، بلڈنگ فنڈ، انتقال حصص فنڈ، اور فرسودگی فنڈ، شکیہ قرضہ جات فنڈ۔ ڈیویڈنڈ مساوی کن فنڈ پراویڈنٹ فنڈ مقرر کر سکتی ہے۔ ایسے کسی بھی فنڈ کے قیام اور شرح کے تعین کا فیصلہ اجلاس عام تابع منظوری رجسٹرار کیا جائے گا۔ سرمایہ محفوظ کے لئے ضروری علیحدگی و دیگر فنڈز کے قیام کے بعد ادا شدہ سرمایہ حصص پر ممبران کو ڈیویڈنڈ بشرح ______ فیصد (جس کا تعین بمطابق رول نمبر ۲۴ ہوگا) دیا جا سکتا ہے۔

## تنازعات

۴۰- تنازعات جو ان قواعد یا کاروبار انجمن سے متعلق ممبران یا سابق ممبران، ملازم یا سابق ملازم، ضامن خواہ ایسا ضامن ممبر ہو یا غیر ممبر یا ان اشخاص کے درمیان جو ان کی معرفت دعوے دار ہوں، عہدہ داران یا سابق عہدہ داران یا دیگر فریقین جن کا ذکر ایکٹ کی دفعہ ۵۴ میں کیا گیا ہے کے درمیان پیدا ہوں لازماً رجسٹرار کو پیش کیے جائیں گے۔ جن کا فیصلہ رجسٹرار خود کرے گا یا اپنے نامزد کے ذریعہ کرائے گا۔

## جنرل

۴۱-(۱) جب تک کوئی شخص انجمن کا ممبر نہ بنے گا۔ اس وقت تک وہ انجمن کی کوئی غیر منقولہ جائیداد یا اس کا کوئی حصہ حاصل نہیں کر سکے گا۔

(۲) اگر کسی ممبر کے ذمہ انجمن کے کسی قسم کے واجبات بقایا ہوں تو اُسے انجمن کے کسی قسم کے انتخاب یا اجلاس میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

تشریح نمبر ۱۔ اس قاعدہ کی رُو سے لفظ واجبات سے مراد کوئی قسط، میونسپل چارجز یا کوئی دیگر بقایا جات انجمن جو کہ تاریخ مطالبہ سے تین ماہ سے زائد عرصہ تک ادا شدہ نہ ہوں۔ کوئی ایسی رقم جو عدالت یا نامزد رجسٹرار نے فیصلہ کی ہو اس کے خلاف عدالت یا نامزد رجسٹرار سے رقم کی ادائیگی تاریخ فیصلہ کے تین ماہ سے زائد عرصہ تک ادا نہ کی گئی ہو۔

(۲) اس قاعدہ پر عمل درآمد کے لئے سیکرٹری انجمن مصدقہ ریکارڈ انجمن کے مطابق فہرست نادہندگان مرتب کر کے دفتر میں اس تاریخ پر جس تاریخ کو اجلاس عام یا انتخاب کے لئے ایجنڈا جاری کیا گیا ہو، آویزاں کرے گا۔ ایسے ممبر کو اتنی رقم کی ادائیگی (بطور احتجاج اگر وہ پسند کرے) انتخاب یا اجلاس عام تک کرنے کی اجازت ہوگی۔ ایسے اشخاص جو فہرست میں شامل ہوں اجلاس یا انتخاب میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے جب تک کہ

وہ فہرست کے مطابق ادائیگی کی رسید پیش نہ کردیں۔ انجمن کے انتخابات یا اجلاس عام سے کم از کم دس دن قبل سیکرٹری انجمن نادہندہ ممبر کو بذریعہ پوسٹل سرٹیفکیٹ نوٹس دے گا کہ اس کا نام فہرست نادہندگان میں شامل ہے اس نوٹس میں اس کے ذمہ بقایا رقم کے متعلق بھی مطلع کرے گا۔ اجلاس کے انعقاد سے قبل سیکرٹری انجمن اس امر کا سرٹیفکیٹ دے گا کہ فہرست نادہندگان چسپاں کر دی گئی ہے اور متعلقین کو نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں۔ یہ فہرست صرف قاعدہ نمبر ۲۷ کے تحت کسی کو نااہل قرار دیئے جانے کے لئے ہوگی اور یہ انجمن کے اس نادہندہ سے انجمن کے اصل مطالبہ کی وصولی کے حق کو متاثر نہیں کرے گی بقطع نظر اس بات کے کہ اس فہرست میں کسی نادہندہ کے ذمہ بقایا کو غلط طور پر ظاہر کیا گیا ہے یا اس میں کسی نادہندہ کا نام غلط طور پر درج ہو گیا ہو یا درج ہونے سے رہ گیا ہے۔

۴۳) آبادی انجمن میں تمام تعمیرات اور اس میں تبدیلیاں کمیٹی سے منظور شدہ نقشہ کے مطابق کی جائیں گی اور ایسی تعمیر یا تبدیلی ایسے ضوابط اور تصریحات کے تحت ہوگی جو اس کے متعلق وضع کی گئی ہوں۔

۴۴) کسی ممبر کو کسی غیر منقولہ جائیداد یا اس کے کسی حصے کو مستقل یا عارضی طور پر کسی ایسے شخص کو منتقل کرنے یا پٹہ پر دینے کا حق حاصل نہیں ہوگا جو کہ انجمن کا ممبر نہ ہو جب تک کہ کمیٹی اس کی منظوری نہ دے۔

Registered this 25th day of ...
Under No. ...
Registrar,
Co-operative ... Lahore

## پڑتال

۴۲-(۱) انجمن کے حسابات کی پڑتال سال میں کم از کم ایک مرتبہ رجسٹرار خود یا اس کا مقرر کردہ کوئی آڈیٹر کرے گا۔

(۲) انجمن ایسی فیس پڑتال پنجاب کوآپریٹو یونین کو ادا کرے گی جس کا تعین رجسٹرار کرے گا۔

## تصفیہ حسابات و تنسیخ

۴۳۔ انجمن صرف رجسٹرار کے حکم سے ایکٹ کی دفعہ ۴۷ یا ۴۸ کے تحت بند ہوگی۔ اور اگر رجسٹرار ضروری سمجھے تو تصفیہ حسابات انجمن کے لیے لیکوڈیٹر کا تقرر کر سکتا ہے۔ انجمن کی تمام ذمہ داریوں کی ادائیگی کے بعد اگر کوئی سرمایہ بچ جائے تو وہ ممبران میں تقسیم نہ ہوگا۔ بلکہ رفاہ عام کے ایسے مقاصد پر استعمال ہوگا جس کا فیصلہ اجلاس عام کرے اور رجسٹرار اس کی منظوری دے یا ایسے مقاصد جو ایکٹ کی دفعہ ۵۲ میں مذکور ہیں کے لیے استعمال کیا جا سکے گا۔ تصفیہ حسابات کے بعد انجمن کی تنسیخ ایکٹ کی دفعہ ۴۹ کے تحت رجسٹرار عمل میں لائے گا۔

[illegible]

Alam Hayat Khan

TREASURER.
Inmol Employees Co-operative
Housing Society, Lahore.